22/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل راجوری کے بڈھال گاؤں کا دورہ کیا ۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کر تے ہوئے حکومت کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات پیش نہ آئیں۔ وزیر اعلیٰ نے میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے مزید کہا ۔

--------V/O --------

کو ٹرنکا

ضلع انتظامیہ راجوری نے پراسرار اموات کے سلسلہ وار واقعات سے متاثر کو ٹرنکا سب ڈویژن کے بڈھال
گاو

ں کو ممنوعہ علاقہ قرار دے کر علاقے میں باہر سے لوگوں کے آنے جانے پر پابندی عائد کر ۂ دی ہے ۔ سیب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو ٹرنکام دل میر نے اس کی ت□دیق کرتے ہوئے کہا کہ
گاو

ں میں بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا کی دفعہ 163نافذ کی گئی ہے اور متاثرہ کیوں کے رہائشی ۂ گھر بھی سیل کر دئے گئے ہیں۔ علاقے میں تمام نجی اور عوامی تقاریب کو بھی تا حکم ثانی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

بیٹی
بچاو

بیٹی ٔ
پڑھاو

ٔ

حکومت آج بیٹی
بچاو

بیٹی ٔ
پڑھاو

اسکیم کا سالانہ دن منا رہی ہے، جو بچیوں کے تحفظ، انہیں تعلیم فراہم کرنے اور بااختیار بنانے ٔ کی انتھک کوششوں کی پہلی دہائی کی علامت پیش کرتی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ بیٹی
بچاو

بیٹی ٔ
پڑھاو

□نفی تع□ب پر قابو پانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم نے بچیوں کو ٔ تعلیم تک رسائی اور اپنے خوابوں کو حا□ل کرنے کے بھر پور مواقعے فراہم کئے ہیں ۔

سکینہ ایتو

□حت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج کٹھوعہ کا دورہ کیا اور کے طلباءکے پہلے بیچ کے (BHMS) میڈیسن اینڈ سرجری Bachelors of Homeopathic داخلے کی تقریب کی □دارت کی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ یہ ادارہجموں و کشمیر میں □حت کی سہولیات کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا ۔بعد میں وزیر مو□وفہ نے جی ایم سی کٹھوعہ کے سینئر وجونئیر ریزڈنٹ ڈاکٹروں کیلئے رہائشی ہوسٹل کا افتتاح کیا ۔

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں شمسی، ہائیڈرو اور قابل تجدید توانائی کے دیگر ذرائع کو بروئے کار لانے کی بے پناہ □لاحیت موجود ہے۔ جے پور

راجستهان ميں قابل تجديد توانائی پر علاقائی ورکشاپ ميں اپنے خطاب کے دوران انہوں نے کہا اسکيم کے تحت جموں و کشمير ميں پانچ ہزار سولر ايگريکلچر پمپس کی تنصيب KUSUM PMکہ کا ہدف تها جن ميں سے 3 ہزار پمپس پہلے ہی نصب کئے گئے ہيں۔

محمد اعجاز اسد

ديہی ترقی اور پنچايتی راج محکمے کے سکريٹری محمد اعجاز اسد نے کہا کہ جموں و کشمير نے 85 فيصد تکميل کی شرح کے ساته پردهان منتری آواس يوجنا-گرامين کو لاگو کرنے ميں ايک اہم سنگ ميل حاصل کيا ہے۔ سکريٹری موصوف نے کہا کہ برف باری کے باوجود اونچائی والے علاقوں ميں“ سب کے لئے مکان ” فراہم کرنے کے لئے محکمہ موثر طريقے پر کام کر رہا ہے۔

منگا شيرپا

ضلع ترقياتی کمشنر بارہمولہ منگا شيرپا نے ايک ميٹنگ کے دوران ايسپريشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کی پيشرفت کا جائزه ليا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدايت دی کہ وه نيتی آيوگ کی طرف سے پہلے سے منظور کئے گئے زائد از تين کروڑ روپے مختص کرنے کی خاطر باقی مانده تفصيلی پروجيکٹ رپورٹس جمع کرائيں۔

کمشنر موصوف نے منصوبوں کو وقت پر مکمل کرنے اور وسائل کے موثر استعمال کو يقينی بنانے کی ضرورت پر زور ديا۔

کپواڑه

ڈپٹی کمشنر کپواڑه آيوشی سودن نے ايک ميٹنگ کے دوران ضلع ميں قومی ووٹر ڈے منانے کے تعلق سے تياريوں کا جائزه ليا ۔ ميٹنگ کے دوران کمشنر موصوفہ نے 25جنوری کو منائے جانے والے قومی ووٹر ڈے کو شاندار طريقے پر منعقد کرانے کے لئے افسران کو تمام لازمی انتظامات کرنے کی ہدايت دی ۔

گاندربل

ضلع ترقياتی کمشنر گاندربل شيامبيرنے ايک ٰ اعلی سطحی ميٹنگ کے دوران شری امرناته جی ياترا 2025 کی تياريوں کا جائزه ليا گيا ۔ ياترا کے لئے خدمات کے بنيادی ڈهانچے کو مضبوط بنانے پر زور ديا گيا ۔ کمشنر موصوف نے متعلقہ محکموں کو ہدايت دی کہ وه 24 جنوری 2025 تک کاموں کی منصوبہ بندی کو حتمی شکل ديں ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****